© rasailojaraid.com

کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا محمد مراد ہالیجوی صاحب بھی ۱۲ جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ، ۱۶ مئی ۲۰۱۱ء کو داغ مفارقت دے گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا محمد مراد صاحب ۲۲ جولائی ۱۹۶۳ء کو ہالیجی شریف میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۶۵ء، ۱۹۶۶ء کے لگ بھگ آپ نے مولانا مظہر الدین انڈھڑ کے ہاں ہالیجی شریف میں دورۂ حدیث پڑھ کر دستار فضیلت حاصل کی۔ فراغت کے بعد تدریسی زندگی کا آغاز کیا اور ۴۴ سال جامعہ حمادیہ منزل گاہ میں تدریسی خدمات انجام دیں۔ سیاسی میدان میں آپ کا تعلق جمعیت علمائے اسلام سے تھا اور آپ جمعیت کے مرکزی سینئر نائب امیر تھے۔ آپ کو تصنیف وتالیف کا بھی خاص ذوق تھا۔ آپ کے فتاویٰ، مقالات اور قرآن کریم کی مختصر تفسیر "تذکیر بالقرآن الکریم" اور نصیحت نامے وغیرہ چھپ کر منظر عام پر آچکے ہیں۔ آپ کی وفات سے اہل علم ایک عالم باعمل اور مدبر سیاست دان سے محروم ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کامل مغفرت فرمائے۔

**مولانا ارشاد اللہ عباسیؒ کی شہادت:**...... جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے استاذ مولانا ارشاد اللہ عباسی کو ۲۹ اپریل ۲۰۱۱ء بروز جمعہ فجر کی نماز سے قبل فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

آپ داعی مسجد گارڈن کے امام تھے اور جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاذ تھے، آپ فجر کی نماز پڑھانے کے لئے مسجد تشریف لا رہے تھے کہ گھات لگائے قاتلوں نے آپ پر فائرنگ کردی، جس کی بنا پر آپ موقع پر ہی جام شہادت نوش فرماگئے۔ آپ کی وفات سے جامعہ بنوری ٹاؤن ایک باصلاحیت مدرس سے اور مقتدی ایک باعمل اور مصلح امام سے محروم ہوگئے۔

علماء کی ٹارگٹ کلنگ کا یہ پہلا واقعہ نہیں، اس سے قبل بھی جامعہ بنوری ٹاؤن اور دیگر دینی اداروں کے ممتاز علمائے کرام کو کھلے عام ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاتا رہا ہے، لیکن ان میں سے کسی کے بھی قاتلوں کو گرفتار کرکے ان کے انجام بد تک نہیں پہنچایا گیا۔ ادارہ وفاق حکومت سے پُرزور احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کرتا ہے کہ مولانا ارشاد اللہ عباسی اور دیگر شہید ہونے والے علمائے کرام کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے اور علمائے کرام کی قیمتی جانوں کا تحفظ یقینی بنائے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی شہادت قبول فرمائے اور آپ کی کامل مغفرت فرمائے۔ آمین

ادارہ وفاق ان تمام مرحومین علمائے کرام کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان علمائے کرام کی دینی خدمات کو قبول فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com